## سوال

(283) زید حنفی ہے وہ کہتا ہے کہ رفع الیدین کرنا ناجائز ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید حنفی ہے وہ کہتا ہے کہ رفع الیدین کرنا ناجائز ہے۔ بلکہ امام صاحب بھی رفع الیدین نہیں کیا کرتے تھے۔ تو پھر ہم کیوں کریں۔ اور کہتا ہے کہ عرب میں رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں جب مسلمانان عرب نماز پڑھتے۔ تو مفافقان عرب اپنی آستین میں بت بنا کر بحالت قیام رکھ دیتے تھے۔ جو باعث تکلیف ہوتی تھی۔ اور یہی وجہ ہے کہ لوگ رفع الیدین کرتے جبکہ رسول اللہ ﷺ سر زمین عرب میں تھے۔ اب کرنے کی کیا ضرورت۔ اور امام صاحب کو رفع الیدین کرنے سے نفی میں لاتے ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے یا نہیں؟ اور رفع الیدین کرنا جائز ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید کا کہنا کہ حنفی مذہب میں رفع الیدین سنت صحیح نہیں ہے۔ مگر یہ کہنا کہ عرب آستینوں میں بت رکھا کرتے تھے۔ محض بے ثبوت بات ہے۔ جو کسی معتبر کتاب میں نہیں(1)

--------------------------------------------

1۔ اور اسی طرح رفع الیدین کے سنت ہونے سے انکار کرنا بھی دلائل صحیحہ کی رو سے غلط ہے۔ (محمد داؤد راز

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 01 ص 483**

محدث فتویٰ